رول نمبر..................

جماعت نہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے　　کل نمبر: 60

## ( حصہ اول )

10
2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:

(حصہ نظم)
(i) چھپتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سلطانی　　کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا
(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر　　یہی میری حرمت ، یہی آبرو ہے
(iii) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی　　یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!
(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو　　نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

(حصہ غزل)
(v) میر اُن نیم باز آنکھوں میں　　ساری مستی شراب کی سی ہے
(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی　　خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا
(vii) میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالبؔ　　مفت ہاتھ آئے ، تو بُرا کیا ہے

## ( حصہ دوئم )

10
3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:

(i) خواجہ صاحب [حیدر علی آتش] اپنی آزاد مزاجی سے کہا کرتے تھے کہ میاں کہاں جاؤ گے؟ دو گھڑی مل بیٹھنے کو غنیمت سمجھو اور جو خدا دیتا ہے، اس پر صبر کرو۔ ایک دن وہ آئے اور کہا حضرت! رخصت کو آیا ہوں۔ فرمایا: "خیر باشد کہاں؟"

(ii) ایک مقنن ایک اصول قائم کرتا ہے، دوسرا اس کو توڑ دیتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ہم اپنی رائے کو کسی دوسرے کی تجویز کا پابند کریں۔ میں نے اپنے برابر والے سے پوچھنے کی کوشش بھی کی، کچھ ادھر ادھر نگاہ بھی دوڑائی، مگر گارڈ صاحب میری حالت کو کچھ ایسا تاڑ گئے تھے کہ ہر وقت بلائے ناگہانی کی طرح سر پر ہی کھڑے رہتے تھے۔

10
4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے:

(i) سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟
(ii) بی جان کا بیٹا احمد کیسے شہید ہوا؟
(iii) اکثر لوگ مرزا غالب کو کس طرح کے خط بھیجتے تھے؟
(iv) الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟
(v) محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟
(vi) انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟
(vii) "امیر مینائی" کو مکاں اور لامکاں میں کون نظر آتا ہے؟
(viii) شاعر میر تقی میر "اضطراب" کی حالت میں کیا کرتے تھے؟

05
5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) ہجرت نبوی ﷺ (ii) لہو اور قالین

05
6۔ نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیے۔

10
7۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر یا پرنسپل کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔ ۔ یا ۔
اپنے دوست کے نام خط میں کوئی ایسا واقعہ بیان کیجیے جس سے آپ کی حاضر دماغی کا اندازہ ہوتا ہو۔

05
8۔ "قوم کی خاطر ایثار" کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ ۔ یا ۔ تعلیم کے موضوع پر دو ہم جماعت دوستوں کا مکالمہ تحریر کیجیے۔

05
9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے:

(i) طبیعت نے چاہا تو چلا جاؤں گا۔ (ii) امجد نے کراچی جانا ہے۔ (iii) اللہ کا نام لے کر کمر کو باندھ لو۔
(iv) دس جگ، پانچ پلیٹیں، ایک گلاس ٹوٹ گئے۔ (v) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

۔ یا ۔

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) الٹے بانس ____ کو۔ (ii) باسی کڑھی میں ____ آیا۔ (iii) یہاں کا باوا آدم ہی ____ ہے۔
(iv) طویلے کی ____ بندر کے سر۔ (v) ہاتھوں کے ____ اڑنا۔

2-IX122-100000